سوال

(144) گھر میں میت کی موجودگی میں کھانا کھایا جاسکتا ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا گھر میں میت موجود ہو تو کھانا کھایا جاسکتا ہے جب کہ رمضان المبارک میں افطاری کا وقت ہے۔ (قاری عبدالغفار سلفی، نشتر ٹاؤن لاہور) (۲۲ مئی ۱۹۹۸ء)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

گھر میں میت کی موجودگی میں کھانا کھایا جاسکتا ہے اور سحری وافطاری وغیرہ کا اہتمام بھی جائز ہے کیونکہ اصلاً اکل وشرب کی اباحت ہے ممانعت کی کوئی دلیل نہیں۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

جلد:3،کتاب الجنائز:صفحہ:179

محدث فتویٰ